© rasailojaraid.com



محمد رمضان یوسف سلفی




# تبصرہ کتب

نام: سہ ماہی مجلّہ الجامعۃ السّلفیہ اسلام آباد

چیف ایڈیٹر: ڈاکٹر حافظ طاہر محمود ایڈیٹر: مولانا محمد یونس عاصم

صفحات: 80 قیمت: 15 روپے صرف

ناشر: الجامعۃ السّلفیہ H-8/1 اسلام آباد

برصغیر پاک و ہند میں جماعت اہل حدیث نے تعلیمی، تدریسی، تبلیغی اور تصنیفی میدان میں گرانقدر خدمات سرانجام دی ہیں۔ ان شعبہ جات کی طرح صحافتی میدان میں بھی علمائے اہل حدیث نے اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا اور اس خطے میں بسنے والے لوگوں کی اصلاح کے لیے بڑے عمدہ، معیاری، تحقیقی اور ادبی رسائل و جرائد کی اشاعت کی۔ ان کی فہرست دیکھی جائے تو قارئین کو ڈیڑھ سو کے لگ بھگ رسائل و اخبارات نظر آئیں گے، جن کی ادارت اہل حدیث علماء فرماتے رہے اور ہنوز یہ سلسلہ جاری ہے۔

اس ترقی یافتہ دور میں اگرچہ حالات بہت بدل گئے ہیں۔ الیکٹرانک اور پرنٹ میڈیا نے پوری دنیا کو اپنی لپیٹ میں لے رکھا ہے اور اہل مغرب ان وسائل سے پوری طرح لیس ہو کر مسلمانوں اور اسلام کے خلاف برسرِ پیکار ہیں۔ ایسے میں علماء کرام کی ذمہ داریاں اور بھی بڑھ گئی ہیں اور ان حالات میں اخبارات، رسائل کی اہمیت دوچند ہو گئی ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ اسلام کی نشر و ترویج اور دفاع کے لیے الیکٹرانک اور پرنٹ میڈیا کا استعمال مسلمانوں کے لیے بہت ضروری ہو گیا ہے۔ کاغذ اور قلم سے ناطہ جوڑ کر خدمت دین کا فریضہ ادا کرنا میرے نزدیک اس دور میں ''جہادِ اکبر'' سے کم نہیں ہے۔

پیش نگاہ ''مجلّہ الجامعۃ السّلفیہ'' کی اشاعت انہی حالات کو سامنے رکھتے ہوئے عمل میں لائی گئی



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ہے۔ قارئین کرام کو بازار میں غیر معیاری، غیر اخلاقی اور وضعی قصے کہانیوں پر مشتمل رسائل تو عام دیکھنے کو ملیں گے، لیکن صحیح اسلامی تعلیم و تربیت اور سچے حقائق و واقعات سے آراستہ مجلات کم ہی نظر آئیں گے۔ پیش نگاہ مجلہ سلفی روایات کا علمبردار، محدثین کرام کا پیامبر، مسلک اہل حدیث کا نقیب اور جامعہ سلفیہ اسلام آباد کا آرگن رسالہ ہے۔

اس مجلّہ کے مدیر ڈاکٹر حافظ طاہر محمود ہیں۔ انہوں نے نہایت محنت اور سلیقے سے اسے مرتب کیا ہے اور اس میں دعوتی، اصلاحی، تحقیقی، معلوماتی اور فکری مضامین شامل کیے ہیں۔ یہ شمارہ نقشِ اول ہے اور الجامعۃ السلفیہ اسلام آباد کا ترجمان۔ اُمید واثق ہے کہ آئندہ اشاعتوں میں اس مجلّہ کا معیار مزید بہتر ہوگا اور اس میں علمی و تحقیقی مضامین پیش کیے جائیں گے۔ آج جبکہ ہر سو الیکٹرانک اور پرنٹ میڈیا کی یلغار ہے، یہ رسالہ دعوت دین کو عمدگی سے پیش کرے گا۔ قارئین کو چاہیے کہ وہ اس رسالے کو خود بھی پڑھیں اور احباب کے نام جاری بھی کروائیں۔ یہ نیکی کا کام ہے، اس میں دامے درمے قدمے سخنے حصہ لینا چاہیے۔ اس قدر خوبصورت مجلہ شائع کرنے پر ہم ڈاکٹر طاہر محمود صاحب اور احباب جامعہ سلفیہ اسلام آباد کو ہدیہ تبریک پیش کرتے ہیں۔

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

نام کتاب: سفر نامہ پنجاب

بقلم: محمد یوسف نعیم

صفحات: 48 قیمت: 50 روپے صرف

ناشر و ملنے کا پتہ: فضلی بک سپر مارکیٹ اُردو بازار کراچی

(۲) کتاب سرائے، فرسٹ فلور، الحمد مارکیٹ غزنی سٹریٹ اُردو بازار لاہور۔

انسان شروع دن سے سیر و سیاحت کا دلدادہ رہا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اللہ رب العزت نے قرآن حکیم میں فسیروا فی الارض فانظروا کیف کان عاقبة المکذبین کہہ کر اپنی نشانیاں دیکھنے کی ترغیب دی ہے۔ پھر سفر ناموں کی اپنی ایک تاریخ ہے۔ بہت سے اہل قلم نے اپنے اسفار کو قلمبند کیا ہے۔ آج اُردو ادب میں ایک بہت بڑا ذخیرہ سفر ناموں کا ہے جو کتابی صورت میں شائع ہو کر قارئین کے مطالعہ میں آچکے ہیں۔ زیر نگاہ ''سفر نامہ پنجاب'' بھی اسی سلسلے کی ایک اہم کڑی ہے۔ اس میں ہمارے



© rasailojaraid.com